SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالھم و ملکھم

نمبر (۱۸) | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۴ ربیع الاول ۱۳۶۱ھ مطابق ۱۱ اپریل ۱۹۴۲ء | جلد ۵۵

حصہ اول

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری ترمیم بہ مرتبہ قواعد موٹر گاڑیان ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۲ء	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈر ان کونسل اپوائنٹمنٹ

آرڈر نمبر ۶۲۳ :- 　واقع ۴ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ پولیس کی تجویز بابت :-

۱- منظوری ترمیم مصرحۂ ذیل بہ مرحمہ قواعد موٹر کار یا ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۰ء مطبوعہ گزٹ ۱۰ اگست سنہ ۱۹۲۰ء ضمیمہ الف کی دفعہ نمبر ۲۱ ضمن (۲) کے بعد کی عبارت از "مندرجہ ذیل گاڑیوں کی صورت میں" تا آخر حذف کیجائے۔

۲- اس سلسلہ میں اسٹیٹ کونسل کا حکم مصدرہ ۱۳ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء نمبری ۳۰۰ جو ایک موٹر سے زیادہ کے مالکان سے رعایتی فیس وصول کئے جانے کے سلسلہ میں بابت تعین حصہ میونسپلٹی صادر ہوا ہے۔ بوجہ ترمیم مصرحہ آئٹم ۱ قابل تنسیخ ہے۔ آئندہ میونسپلٹی کو حسب صراحت حکم کونسل مورخہ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء حصہ فیس ادا کیا جائیگا۔

۳- اس ترمیم و تنسیخ کا نفاذ یکم جولائی سنہ ۱۹۲۲ء سے مناسب ہوگا۔

طے پایا کہ :-

حسب صراحت تجویز ترمیم مصرحہ آئٹم نمبر ۱ اور تنسیخ حکم کونسل مورخہ ۱۳ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء مصرحہ آئٹم نمبر ۲ منظور کیجاتی ہے۔ منظوری ترمیم و تنسیخ کا نفاذ یکم جولائی سنہ ۱۹۲۲ء سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل